# اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، کراچی

بختیاری یوتھ سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی۔74700

https://www.facebook.com/BIEKarachi/
Website: www.biek.edu.pk

## ماڈل پیپراردو (لازمی)(پرچہ اول) (تمام گروپس کے لیے)

## سالانہ امتحانات برائے 2021ء

وقت ۴۰ منٹ | کل نشانات ۵۰

### "حصہ الف" کثیرالانتخابی سوالات (MCQs) 50%

### (۵۰ سوالات میں سے ۲۵ حصہ نثر اور ۲۵ سوالات حصہ نظم سے متعلق ہوں گے۔)

نوٹ: (i)اس حصّہ میں جزوی سوالات ہیں۔تمام سوالات کے جوابات مطلوب ہیں اور ہر سوال کا ایک نمبر ہے۔

(ii) سوال یا اس کا جز امتحانی کاپی میں نقل نہ کیجیے۔سوال کے اصل نمبر اور جز کے سامنے مکمل جواب تحریر کیجیے۔

۱۔ مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کے لیے درست جواب منتخب کیجیے۔

ا۔ ''نسخہ ہائے وفا'' اس شاعر کی کلیات ہے۔

☆ علامہ اقبال ☆ اختر شیرانی ☆ فیض احمد فیض ☆ مرزا غالب

۲۔ 'رسم ورواج کی پابندی کے نقصانات' ان کا مضمون ہے:

☆علامہ شبلی نعمانی ☆میاں بشیر احمد ☆مولانا الطاف حسین حالی ☆سرسید احمد خان

۳۔ اردو ادب میں اس نثر نگار کے خطوط انقلابی حیثیت رکھتے ہیں:

☆سرسید احمد خان ☆علامہ اقبال ☆مرزا غالب ☆علامہ شبلی نعمانی

۴۔ میر تقی میر کے اتنے دیوان ہیں۔

☆چار ☆پانچ ☆چھے ☆ایک

۵۔ درج ذیل شعر میں یہ صنعت استعمال کی گئی ہے: عہدِ جوانی رو رو کاٹا، پیری میں لیں آنکھیں موند یعنی رات بہت تھے جاگے، صبح ہوئی آرام کیا

☆تشبیہ ☆تلمیح ☆تضاد ☆مطلع

۶۔ جدید اردو نثر کا بانی اور مورثِ اعلیٰ ان کو کہا جاتا ہے:

☆ پطرس بخاری ☆ڈپٹی نذیر احمد ☆ محمد حسین آزاد ☆ سرسید احمد خان

۷۔ 'اصغری' نصاب میں شامل اس سبق کا کردار ہے:

☆میکسیکو سٹی اور میں ☆دھنک پر قدم ☆بردبار اور دانش مند ☆ماما عظمت

۸۔ ''جلتے ہیں جبرئیل کے پر اس مقام پر'' اس مصرعے میں یہ صنعت استعمال ہوئی ہے۔

☆ تضاد ☆ تلمیح ☆ تشبیہہ ☆ استعارہ

۹۔ اردو کا پہلا 'عوامی شاعر' ان کو کہا جاتا ہے:

☆میر تقی میر ☆نظیر اکبر آبادی ☆علامہ اقبال ☆مرزا غالب

۱۰۔ سبق 'بیل اور میں' ان کی تحریر ہے:

☆میاں بشیر احمد ☆ڈاکٹر حفیظ الرحمٰن صدیقی ☆پطرس بخاری ☆شوکت تھانوی

۱۱۔ اس شاعر نے اردو غزل کو تصوّف سے روشناس کیا۔

☆علامہ اقبال ☆میر تقی میر ☆میر درد ☆غالب

۱۲۔ 'سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ' میں 'رزم نامہ' سے مراد ہے:

☆جنگ کے ترانے ☆جنگ کا اعلان ☆جنگ کا علم ☆جنگ کی روداد

۱۳۔ میں بیلوں پر حکومت کرتا ہوں اور خود بیل بن کر محکوم نہیں بنتا، اس سبق کا جملہ ہے:

☆ماما عظمت ☆ بیل اور میں ☆میکسیکو سٹی اور میں ☆ ٹھیلے والا شہزادہ

۱۴۔ سبق 'تشکیل پاکستان' کے مصنّف ہیں:

☆ پطرس بخاری ☆ علامہ اقبال ☆میاں بشیر احمد ☆ خواجہ حسن نظامی

۱۵۔ انھیں اردو کا پہلا سوانح نگار کہا جاتا ہے:

☆ شبلی نعمانی ☆ محمد حسین آزاد ☆الطاف حسین حالی ☆ ڈپٹی نذیر احمد

۱۶۔ انھیں 'آقائے اردو' کہا جاتا ہے:

☆ مولوی عبدالحق ☆سر سید احمد خان ☆محمد حسین آزاد ☆الطاف حسین حالی

۱۷۔ اُردو زبان کا پہلا ناول 'مراۃ العروس' ان کا تحریر کردہ ہے:

☆ منشی پریم چند ☆ ڈپٹی نذیر احمد دہلوی ☆ عبدالحلیم شرر ☆راشد الخیری

۱۸۔ ''خوب گھومنے کے بعد اس شہر کا نقشہ کچھ کچھ سمجھ میں آنے لگا''۔ یہ جملہ اس سبق سے ماخوذ ہے۔

☆ سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ ☆خطِ غالب ☆ میکسیکو سٹی اور میں ☆ میبل اور میں

۱۹۔ اردو کے پہلے تنقید نگار ہیں۔

☆ علامہ اقبال ☆سر سید احمد خان ☆محمد حسین آزاد ☆الطاف حسین حالی

۲۰۔ جس شعر میں کسی تاریخی واقعہ کی طرف اشارہ ہوا اُسے کہتے ہیں:

☆ مطلع ☆ مقطع ☆تلمیح ☆ استعارہ

۲۱۔ ہندوستان کی الہامی کتاب ان کے دیوان کو کہا جاتا ہے:

☆ دیوانِ میر ☆ دیوانِ حالی ☆ دیوانِ غالب ☆ دیوانِ درد

۲۲۔ نظم 'برسات کی بہاریں' کے شاعر ہیں:

☆ علامہ اقبال ☆ نظیر اکبر آبادی ☆الطاف حسین حالی ☆ جوش ملیح آبادی

۲۳۔ خدائے سخن اور سرتاج الشعرا انھیں کہا جاتا ہے:

☆ میر درد ☆ خواجہ حیدر علی آتش ☆میر تقی میر ☆ غالب

۲۴۔ ''گلزارِ معرفت'' کا مفہوم ہے۔

☆پھولوں کا باغ ☆معرفت کا باغ ☆صوفیانہ شاعری ☆فلسفیانہ شاعری

۲۵۔ ''رسم و رواج کی پابندی'' کا اصل ماخذ ہے:

☆ مقالاتِ سرسید ☆ مقالاتِ شبلی ☆ نیرنگ خیال ☆ دھنک پر قدم

۲۶۔ 'میکسیکو سٹی اور میں' ان کی تحریر ہے:

☆ خواجہ حسن نظامی ☆ شوکت تھانوی ☆ بیگم اختر ریاض الدین ☆ ابنِ انشا

۲۷۔ بہتر نشتر کے حوالے سے ان شاعر کا نام ذہن میں آتا ہے۔

☆میر تقی میرؔ ☆میر دردؔ ☆مولانا الطاف حسین حالیؔ ☆مرزا غالبؔ

۲۸۔ فیض احمد فیضؔ اس تحریک کے نمائندہ شاعر ہیں۔

☆ ترقی پسند تحریک ☆رومانوی تحریک ☆اصلاحی تحریک ☆علی گڑھ تحریک

۲۹۔ اردو کے پہلے قومی شاعر ہیں۔

☆مولانا حالیؔ ☆شبلی نعمانی ☆ حفیظ جالندھری ☆جوش ملیح آبادی

۳۰۔ غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے۔

☆مطلع ☆ مقطع ☆ تضمین ☆ تلمیح

۳۱۔ 'میکسیکو سٹی اور میں' اس سفرنامے سے ماخوذ ہے:

☆ دنیا گول ہے ☆ دھنک پر قدم ☆ آوارہ گرد کی ڈائری ☆ سات سمندر پار

۳۲۔ اُردو کے اس عظیم شاعر کو لینن ایوارڈ سے نوازا گیا۔

☆اسرار الحق مجازؔ ☆حسرتؔ موہانی ☆مولانا حالیؔ ☆فیض احمد فیضؔ

۳۳۔ ''مسدّس'' کا ہر بند اتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

☆چھ ☆پانچ ☆چار ☆تین

۳۴۔ صنف کے اعتبار سے 'مراۃ العروس' ہے:

☆ڈراما ☆ داستان ☆ناول ☆افسانہ

۳۵۔ مولانا ظفر علی خان اس صنفِ سخن کے مقبول شاعر ہیں:

☆حمد ☆ نعت ☆منقبت ☆ قصیدہ

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI

۳۶۔ رسالہ 'تہذیب الاخلاق' انھوں نے جاری کیا:

☆ مولانا محمد علی جوہر ☆ مولانا ظفر علی خان ☆ مولانا الطاف حسین حالی ☆ سرسید احمد خان

۳۷۔ سبق 'ٹھیلے والا شہزادہ' ماخوذ ہے:

☆ دہلی غدر کے افسانے ☆ بیگمات کے آنسو ☆ شہزادی کی بپتا ☆ جھینگر کا جنازہ

۳۸۔ نظم 'مدوجزر اسلام' ان کی تخلیق ہے:

☆ علامہ اقبال ☆ الطاف حسین حالی ☆ ظفر علی خان ☆ فیض احمد فیض

۳۹۔ نظم 'پرانا کوٹ' کے شاعر کا نام ہے:

☆ الطاف حسین حالی ☆ جوش ملیح آبادی ☆ سید محمد جعفری ☆ نظیر اکبر آبادی

۴۰۔ اردو اس زبان کا لفظ ہے:

☆ عربی ☆ فارسی ☆ ترکی ☆ ہندی

۴۱۔ ٹھیلے والا شہزادہ کا نام ہے:

☆ مرزا بابر ☆ واجد علی شاہ ☆ ظفر سلطان ☆ ہمایوں

۴۲۔ سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ ماخوذ ہے:

☆ مقالات شبلی ☆ مقالات سرسید ☆ آنگن ☆ نیرنگ خیال

۴۳۔ 'روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے' کے شاعر ہیں:

☆ الطاف حسین حالی ☆ نظیر اکبر آبادی ☆ علامہ اقبال ☆ ظفر علی خان

۴۴۔ آپ کو اردو کا سب سے بڑا تمثیل نگار بھی کہا جاتا ہے:

☆ الطاف حسین حالی ☆ محمد حسین آزاد ☆ مرزا غالب ☆ شوکت تھانوی

۴۵۔ 'میبل اس یونیورسٹی کی طالبہ تھی:

☆ برٹش یونیورسٹی ☆ آکسفورڈ یونیورسٹی ☆ علی گڑھ یونیورسٹی ☆ کیمبرج یونیورسٹی

۴۶۔ نصاب میں شامل یہ نظم 'بالِ جبریل' سے منتخب کی گئی ہے۔

☆ روحِ ارضی آدمؑ کا استقبال کرتی ہے ☆ تعلیماتِ نبوی ☆ پرانا کوٹ ☆ برسات کی بہاریں

۴۷۔ سبق 'بائیسکل کی تعلیم' ان کا لکھا ہوا ہے:

☆ خدیجہ مستور ☆ پطرس بخاری ☆ شفیق الرحمٰن ☆ شوکت تھانوی

۴۸۔ نصاب میں شامل خواجہ حسن نظامی کے مضمون کا نام ہے:

☆ تشکیل پاکستان ☆ سچ اور جھوٹ کا رزم نامہ ☆ بردبار اور دانش مند ☆ ٹھیلے والا شہزادہ

۴۹۔ غزل اس زبان کا لفظ ہے۔

☆ فارسی ☆ ہندی ☆ عربی ☆ ترکی

۵۰۔ شعر مکمل کیجیے۔ ہے غلط گرگمان میں کچھ ہے

☆ تجھ سوا بھی جہان میں کچھ ہے ☆ اس سوا بھی جہان میں کچھ ہے ☆ آن میں کچھ ہے آن میں کچھ ہے ☆ باقی اس نیم جان میں کچھ ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI

وقت ۱ گھنٹہ ۲۰ منٹ — ماڈل پیپر اردو (لازمی) (پرچہ اول) — نشانات ۵۰

(تمام گروپس کے لیے)

حصہ "ب" (مختصر جواب کے سوالات) 30% (نشانات ۳۰)

۲۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تشریح شاعر کے حوالے سے کیجیے۔ (۱۰)

طوفانِ نوحؑ نے تو ڈبوئی زمیں فقط — میں تنگِ خلق ساری خدائی ڈبو گیا

ناحق ہم مجبوروں پر یہ تہمت ہے مختاری کی — چاہتے ہیں سو آپ کریں ہیں، ہم کو عبث بدنام کیا

سب کہاں، کچھ لالہ و گُل میں نُمایاں ہوگئیں — خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

ہم پرورشِ لوح و قلم کرتے رہیں گے — جو دل پہ گذرتی ہے رقم کرتے رہیں گے

۳۔ (الف) منتخب کردہ اقتباس کے مصنف اور سبق کا نام تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک اقتباس کی تشریح کیجیے۔ (۰۸)

(i) تو اریخ سے ثابت ہے کہ ایک قوم کسی قدر عرصے تک ترقی کی حالت میں رہتی ہے اس کے بعد ترقی مسدود ہو جاتی ہے مگر یہ دیکھنا چاہیے کہ یہ ترقی کب مسدود ہوتی ہے۔ یہ اس وقت مسدود ہوتی ہے جب کہ اس قوم میں سے وہ قوت اٹھ جاتی ہے جس کے سبب سے نئیں نئیں باتیں پیدا ہوتی ہیں اور ٹھیک ٹھیک مسلمانوں کا اس زمانے میں یہی حال ہے۔

(ii) یہ ایک شیوۂ فرسودہ ابنائے روزگار کا ہے۔ تعزیت یوں ہی کیا کرتے ہیں اور یہی کہا کرتے ہیں کہ صبر کرو۔ ہائے ایک کا کلیجہ کٹ گیا اور لوگ اسے کہتے ہیں کہ تو نہ تڑپ۔ بھلا کیوں کر نہ تڑپے گا۔ صلاح اس امر میں نہیں بتائی جاتی۔ دعا کا دخل نہیں، دوا کا لگاؤ نہیں۔

---------------- یا ----------------

(الف) منتخب کردہ سبق کے مصنف کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (۰۸)

۔ ٹھیلے والا شہزادہ — ۔ مبیل اور میں

۴۔ (الف) منتخب کردہ نظم کے شاعر کا مختصر تعارف تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔ (۰۸)

۔ پرانا کوٹ — ۔ روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے

---------------- یا ----------------

(الف) تشریح کردہ جز کے شاعر اور نظم کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (۰۲)

(ب) درج ذیل جز کی تشریح کیجیے۔ (۰۸)

الٰہی تُو فیاض ہے اور کریم — الٰہی تُو غفّار ہے اور رحیم

مقدس، معلّٰی، منزہ، عظیم — نہ تیرا شریک اور نہ تیرا سہیم

تری ذاتِ والا ہے یکتا قدیم

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات) 20% نشانات ۲۰

۵۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک شاعر/مصنف کے کلام/طرزِ تحریر کی خصوصیات تحریر کیجیے۔ (۲۰)

۔ میر تقی میرؔ — ۔ سرسید احمد خانؔ — ۔ فیض احمد فیضؔ — ۔ محمد حسین آزادؔ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

BOARD OF INTERMEDIATE EDUCATION KARACHI